© rasailojaraid.com



# نعت رسولِ مقبول صلی اللہ علیہ وسلم

پروفیسر محمد اکرام تائبؔ

آؤ پھر سرکار کی باتیں کریں
آپ کے دربار کی باتیں کریں

رات دن رحمت برستی ہے جہاں
اُس گلی ، بازار کی باتیں کریں

بابِ بکرؓ و عمرؓ و عثمانؓ و علیؓ
منبر و مینار کی باتیں کریں

دشمنوں کے دل فتح جس نے کیے
اُس سپہ سالار کی باتیں کریں

پھر بہر سُو پھیل جائے روشنی
پھر لب و رخسار کی باتیں کریں

جس پہ تائبؔ خود خدا قربان ہے
اُس حسیں شہکار کی باتیں کریں



© rasailojaraid.com